130021- طہر کے بعد خون کے قطرے آنا حیض شمار نہیں ہوگا

سوال

میں نے رمضان المبارک کے چار روزے رکھے تو مجھے حیض آگیا، اورماہواری ختم ہونے کے بعد میں نے دوبارہ روزے رکھنا شروع کیے، لیکن خون کے کچھ قطرے آئے اورپھر رک گئے جب میں غسل کرکے روزے رکھتی تو دوبارہ قطرے آنے لگتے اورسارارمضان ہی ایسے ہوتا رہا، برائے مہربانی یہ بتائیں کہ اس کے متعلق کیا جواب ہے ؟

پسندیدہ جواب

"اگرایسا ہی ہے جیسا آپ بیان کررہی ہیں، تو طہر کے بعد آنے والے خون کے قطرات حیض شمار نہیں ہونگے؛ کیونکہ یہ خون جاری نہیں رہتا، اس لیے یہ حیض کے حکم میں نہیں ہوگا.

آپ کے لیے روزہ رکھنا اور نماز کی پابندی کرنا ضروری ہے ہر نماز کے لیے آپ وضوء کریں، جس طرح ساری استحاضہ والی عورتیں کرتی ہیں، اور سلسل البول یعنی پیشاب نہ رکنے والے مریض کرتے ہیں، آپ نے جوان ایام میں روزے رکھیں ہیں وہ روزے صحیح ہیں

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اورانکی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.

مستقل فتوی اینڈ علمی ریسرچ کمیٹی سعودی عرب.

الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز.

الشیخ عبدالعزیز آل شیخ.

الشیخ صالح الفوزان.

الشیخ بکر ابوزید.